21/06/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی

وزیر اعظم یو گا

ملک کے ساتھ ساتھ آج دنیا بھر میں یو گا کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کولکتہ کے تاریخی ریڈ روڈ پر یوگا کے12ویں دن کی قومی تقریبات کی قیادت کی اور یو گا پرٹوکول کو انجام دینے کےلئے ہزاروں لوگوں کے روی ، وزیر اعلیٰ RN ساتھ شرکت کی۔ اس تقریب میں مغربی بنگال کے گورنر سویندو ادھیکاری، آیوش کے مرکزی وزیر مملکت پرتاپ راؤ جادھو اور سرکردہ شہری موجود تھے۔

اجتماع سے خطاب کر تے ہوئے وزیر اعظم نے دنیا بھر کے لوگوں کو یو گا تقریبات میں کھلے ذہن کے ساتھ شرکت کرنے پر مبارکباد پیش کی، انہوننے کہا کہ یو گا میں لوگوں، معاشروں اور قوموں کو جوڑنے کی منفرد طاقت ہے۔

وزیر اعظم نے کہا۔

یو گا-LG1

ملک کے ساتھ ساتھ جموںو کشمیر میں بھی یو گا کا عالمی دن بڑے جوش و خروش میں ایک بڑی تقریب منعقد ہوئی جس SKICC کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ سرینگر کے کی قیادت ایل جی منوج سنہا نے کی جبکہ تعلیم ، طبی تعلیم اور صحت کی و زیر سکینہ ایتو، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور جموںو کشمیر پولیس کے سربراہ نلین پربھات سمیت انتظامیہ کے سینئر عہدیداروں سمیت7ہزار سے زائد افراد اس تقریب مینشریک ہوئے ، جن میں سکولی بچے بھی شامل تھے۔ ایل جی نے یو گا کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور کہا کہ یہ دن ہمیں زند گی میں صحت کی اہمیت اور من کی شانتی یاد دلاتا ہے۔ انہوننے کہا کہ یو گا دونوں یعنی جسمانی اور ذہنی صحت کےلئے فائدہ مند ہے اور یہ ہمیں صحت مند اور خوشحال زندگی کی جانب رہنمائی کرتا ہے۔

تعلیم اور صحت کی و زیر سکینہ ایتو نے یو گا کو صحت کےلئے ایک کار گر نسخہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ جسمانی نشو نما کے ساتھ ساتھ ذہنی دباؤ کم کرنے کےلئے بھی اہم ہے۔

یو گا-LG2

وادی کے دوسرے اضلاع میں بھی یو گا کی تقریبات کے انعقاد سے مختلف خبریں موصول ہو ئی ہیں۔ جن میں انتظامیہ کے اعلیٰ افسران، سکولی بچوں اور عام شہریوں نے بڑھ چڑھ کرشرکت کی۔

میٹنگ

سرینگر میں مرکزی داخلہ سیکریٹری گوبند موہن کی صدارت میں ایک اہم میٹنگ کے دوران3جولائی سے شروع ہونے والی سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔

میٹنگ میں جمونو کشمیر انتظامیہ کے سینئر افسران کے علاوہ پولیس ، فوج، انٹیلی جنس اور دیگر متعلقہ اداروں کے عہدیداران نے بھی شرکت کی۔

یاترا انتظامات

دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے شری امر نا تھ یاترا کے سلسلے میں بال تل اور اسکے ملحقہ علاقوں کا دورہ کیا اور پوتر گپھا اور اسکے ارد گرد میں یاتریوں کےلئے دستیاب صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوں

نے محکمہ کے افسران سے انتظامات کے بارے میں جانکاری حاصل کی اور ہدایت دی کہ تمام لازمی سہولیات کی پیشگی صورت میں دستیابی یقینی بنائی جائے۔

اس دوران اننت ناگ کے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے پہلگام میں ننون کے بنیادی کیمپ کا دورہ کیا اور یاترا سے متعلق کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

انہوںنے افسران کو ہدایت دی کہ وہ بہتر تال میل اپنا کر یاترا کے احسن انعقاد کو یقینی بنائیں۔

NEET

ملک بھر میں آج NEET-2026 کا امتحان کےلئے میڈیکل کورسز گریجویٹ انڈر کے انعقاد ہو رہا ہے۔ یہ امتحان دن کے 11بجے سے شروع ہوا اور اس کےلئے ملک کے مختلف علاقوں میں551امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں جبکہ ملک سے باہر بھی14شہروں میں یہ امتحان لیا جا رہا ہے۔

22 لاکھ79 ہزار امید وار امتحان میں شرکت کر رہے ہیں۔ تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پر دھان نے طلباءسے اپیل کی ہے کہ وہ ڈر اور خوف کے بغیر امتحان میں شامل ہوجائیں اور اپنی کامیابی کو یقینی بنائیں۔

پچھلی بار امتحانی پرچہ فاش ہونے کی وجہ سے منسوخ کیا گیا تھا۔ سرینگر اور وادی کے کچھ دوسرے علاقوں میں بھی امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں، جہاں بچوں کی سہولت کےلئے معقول انتظامات کئے گئے ہیں ۔ امتحان کو شفاف بنانے اور سکیورٹی کا خاطر خواہ بندو بست ہے۔ CCTV,Biometric کےلئے

ستیش شرما

کھیل کود اور نوجوانوں کے امور کے وزیر ستیش شرما نے کل بڈگام میں فاووس تائیکانڈو کپ کا افتتاح کیا ، جس میں یوٹی کے مختلف اضلاع سے آئے اُبھرتے مارشل آرٹ کھلاڑی شرکت کر رہے ہیں۔

بارہمولہ

ڈگری کالج بارہمولہ میں فوج کی چنار کور اور لکشیا فاؤنڈیشن کے اشتراک سے اوڑی ، سوپور اور بارہمولہ میں تعلیمی اور تمدنی رابطے کا5روزہ پروگرام میرا دیش میری پہچان2026 کل اختتام پذیر ہوا۔سینکڑوں طلباءنے اختتامی تقریب میں شرکت کی اور ہندوستان کی ثقافت اور تمدن کی رنگا رنگی سے واقفیت حاصل ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

………………………………………..

…………………….

……..

…